2016

Q. 7. Translate the following Urdu paragraph into English by keeping in view figurative/ idiomatic expression. **(10)**

عام لوگوں کا خیال ہے کہ مُلک کے قانون اور فرد کی آزادی ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں۔ بظاہر یہ بات غلط معلوم نہیں ہوتی۔ ہر قانون شہریوں پر کوئی نہ کوئی پابندی عائد کرتا ہے۔ اگر مُلک میں قوانین کی تعداد زیادہ ہو تو مجموعی پابندیاں بھی زیادہ ہوتی ہیں۔ زیادہ پابندیوں سے فرد کی آزادی اِن کے بوجھ تلے دب کررہ جاتی ہے۔ اِس کے برعکس قوانین کی تعداد کم ہو تو شہریوں کی آزادی کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔

Common people have the view that country's laws and individual's freedom are in opposition to each other. Apparently, this view is not wrong as every law imposes ~~Some~~ certain restrictions on the citizens. If the number of laws in a country is high, the overall restrictions are also high. With more restrictions, an individual's freedom gets suppressed under their burden. On the contrary, if the number of laws is less, the scope of citizens' freedom ~~gets wider~~ widens.

2017

Q. 7. Translate the following into English by keeping in view figurative/idiomatic expression. (10)

اپنے پوشیدہ عیبوں کو معلوم کرنے کے لیے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ہمارے دشمن ہم کو کیا کہتے ہیں۔ ہمارے دوست اکثر ہمارے دل کے موافق ہماری تعریف کرتے ہیں۔ اول ہمارے عیب ان کو عیب ہی نہیں لگتے یا پھر ہماری خاطر کو ایسا عزیز رکھتے ہیں کہ اِس کو رنجیدہ نہ کرنے کے خیال سے اِن کو چھپاتے ہیں۔ یا پھر اِن سے چشم پوشی کرتے ہیں۔ بر خلاف اِس کے ہمارا دشمن ہم کو خوب ٹٹولتا ہے اور کونے کونے سے ڈھونڈ کر ہمارے عیب نکالتا ہے، گو وہ دشمنی سے چھوٹی بات کو بڑا بنا دیتا ہے۔ مگر اِس میں کچھ نہ کچھ اصلیت ہوتی ہے۔ دوست ہمیشہ اپنے دوست کی نیکیوں کو بڑھاتا ہے اور دشمن عیبوں کو۔ اِس لیے ہمیں اپنے دشمن کا زیادہ اِحسان مند ہونا چاہیے کہ وہ ہمیں ہمارے عیبوں سے مطلع کرتا ہے۔ اِس تناظر میں دیکھا جائے تو دشمن دوست سے بہتر ثابت ہوتا ہے۔

To find ~~one's~~ ~~your~~ our hidden flaws, ~~one~~ we should look what our enemies say about us. Our friends usually praise us after our hearts. Firstly, our flaws do not seem as flaws to them. Either they consider us so dear that they hide them to avoid our anger or they overlook them. ~~On the other hand~~ Although our enemy judges us deeply and tries to find out even our minute flaws and in animosity exaggerate them, there is atleast some reality in them. A friend always exagerrates a friend's good deeds while an enemy exagerrates our flaws. Therefore, We should be more thankful to our enemies for they bring our flaws into attention. When seen in this context, enemy proves better than the friend.

2018

Q. 7. **Translate the following Urdu paragraph into English by keeping in view figurative/idiomatic expressions.** **(10)**

لاہور شہر سیاست ہی نہیں ثقافت کا بھی قدیم مرکز ہے۔ مغلوں کی ثقافت نے عروج کا زمانہ اس شہر میں دیکھا۔ سکھ ثقافت کا بھی یہی مرکز تھا۔ علم و ادب کی ثقافت بھی اسی شہر کے حصہ میں آئی۔ اہل تصوف کا بھی یہی مرکز تھا۔ تصوف کی مشہور کتاب کشف المجوب کے مصنف حضرت علی ہجویری المشہور حضرت داتا گنج بخش بھی اسی شہر میں مدفون ہیں۔ انگریزوں کے دور میں بھی لاہور کا فیشن پورے ہندوستان میں رائج ہوتا تھا۔ قیام پاکستان کے بعد بھی اس شہر کی اہمیت کم نہیں ہوئی۔

Lahore is ~~not~~ the ancient center of not only politics but also culture. The Mughal culture witnessed era of zenith in this city. Moreover, ~~it~~ the city was also the epicenter of the Sikh Culture. The culture of learning and literature also fell in the lap of this city. In addition, it was also the hub of the mystics. The author of the famous book of mysticism 'Kashf-al-Mahjoob', Hazrat Ali Hijveri - famously known as Data Ganj Baksh - is also buried in this city. ~~Lahore remained~~ In the British era, the fashion of Lahore was followed all over Hindustan. The city's significance has not waned every after Pakistan's inception.

2019

Q. 7. Translate the following into English by keeping in view figurative/idiomatic expressions. (10)

پاکستان، افغانستان میں امن کے لیے پُرعزم ہے کیونکہ افغانستان میں امن، پاکستان کے لیے انتہائی اہم ہے۔ تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو پاکستان اور
افغانستان پڑوسی برادر اسلامی ملک ہونے کے ناتے تاریخی، ثقافتی، لسانی رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں۔ یہ رشتے اٹوٹ ہیں، دونوں کا انحصار ایک دوسرے پر
ہے اور دونوں الگ الگ رہ بھی نہیں سکتے۔ پاکستان کا موقف روزِ اول سے یہی رہا ہے کہ افغان مسئلے کا سیاسی حل نکالا جائے۔ اس موقف کی حمایت چین بھی
کرتا ہے۔ اس ضمن میں چین نے کہا ہے کہ افغان تنازع کا افغان قیادت میں ہونے والے امن مذاکرات سے ہی حل ممکن ہے۔ پاکستان اور چین اسٹریٹجک
شراکت
داری کے لیے افغان تنازع کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

Pakistan is determined for peace in Afghanistan because peace in Afghanistan is significantly important for Pakistan. In historical context, being neighbouring brotherly Islamic countries, Pakistan and Afghanistan ~~are~~ are linked in historical, cultural, and liguistic ties which are unbreakable. Both countries are interdependent and they cannot exist in isolation. Pakistan has always advocated for political solution to Afghan issue since the beginning. China also supports this stance. In this regard, China stated that Afghan-led peace talks are the only way to solve Afghan conflict. For strategic partnership, Pakistan and China would continue to play their role in peaceful resolution of the Afghan conflict.